# سائبر دنیا میں محفوظ رہیں

# کیا کریں اور کیا نہ کریں

طلبا کے لیے

विद्ययाऽमृतमश्नुते
एन सी ई आर टी
NCERT

# ڈیولپمنٹ کمیٹی

## چیئر پرسن

امریندر بہرا، پروفیسر اور جوائنٹ ڈائریکٹر، سی آئی ای ٹی، این سی ای آر ٹی، نئی دہلی

## ممبر کوآرڈی نیٹر

انجل رتنابائی، اسسٹنٹ پروفیسر، سی آئی ای ٹی، این سی ای آر ٹی، نئی دہلی

## اراکین

خورشید اکرم، سابق ڈپٹی ڈائریکٹر، آل انڈیا ریڈیو، نئی دہلی

راغب اختر، ایڈیٹر، بازگشت، نئی دہلی

ملک اشتر، سب ایڈیٹر (اردو)، دوردرشن، نئی دہلی

## نظر ثانی

محمد فاروق انصاری، پروفیسر اور ہیڈ، ڈی ای ایل–این سی ای آر ٹی، نئی دہلی

رضوان الحق، اسسٹنٹ پروفیسر، سی آئی ای ٹی، این سی ای آر ٹی، نئی دہلی

## تکنیکی ٹیم

شہناز بانو، اکیڈمک کنسلٹنٹ، سی آئی ای ٹی، این سی ای آر ٹی، نئی دہلی

ہمانشی بھاٹی، اکیڈمک کنسلٹنٹ، سی آئی ای ٹی، این سی ای آر ٹی، نئی دہلی

انٹرنیٹ، اس صدی کا سب سے زیادہ تعاملی تکنیکی پلیٹ فارم ہے جو ہماری روزمرہ کی زندگی کا ایک لازمی حصہ بن گیا ہے۔ یہ آموزش سیکھنے اور ترسیل کا ایک ایسا وسیلہ ہے جو ہمیں وسیع مواقع فراہم کرتا ہے۔ یہ معلومات کا ایک انمول ذریعہ بھی ہے جو ہماری تخلیقی صلاحیتوں اور تخیل کو بڑھاتا ہے۔ مختلف مقاصد کے لیے انٹرنیٹ کا استعمال کرتے وقت ہمیں ان طور طریقوں کا خیال رکھنا چاہیے جو انٹرنیٹ اخلاقیات کا حصہ ہیں۔ یہ خیال رکھنا چاہیے کہ ہم ہمیشہ ایماندار رہیں اور ویب پر دوسروں کے حقوق اور ملکیت کا احترام کریں۔

سائبر تحفظ کا مطلب اطلاعاتی اور مواصلاتی ٹیکنالوجی کا محفوظ اور ذمہ دارانہ استعمال ہے۔ اس کا تعلق صرف معلومات کو محفوظ رکھنے تک ہی محدود نہیں ہے بلکہ ان معلومات کے تئیں ذمہ دار ہونے، آن لائن موجود دوسرے لوگوں کا احترام کرنے اور انٹرنیٹ کے آداب (netiquette) سے باخبر ہونا بھی ہے۔ آن لائن محفوظ رہنے کے لیے ان نکات کا دھیان رکھیں۔





# کیا کرنا ھے

1. دوسروں کی پرائیویسی کا احترام کریں۔
2. توہین آمیز یا غیر قانونی مواد کی اطلاع دیں اور نشان زد کریں۔
3. انٹرنیٹ سے کوئی بھی مواد ڈاؤن لوڈ کرتے وقت کاپی رائٹ کی پابندیوں پر عمل کریں خواہ وہ سافٹ ویئر ہوں، فلمیں یا موسیقی وغیرہ ہوں۔
4. جب آپ دوسروں کے ساتھ آن لائن چیٹ / گفتگو کریں تو ایک عرفی/متبادل نام کو بطور صارف استعمال کریں۔
5. اگر کوئی آپ کو ہراساں کرتا ہے تو اس کی اطلاع فوری طور پر اپنے استاد/والدین یا کسی ایسے فرد کو دیں جس پر آپ بھروسہ کرتے ہوں۔
6. اپنے ہر اکاؤنٹ کے لیے ایک مضبوط اور منفرد پاس ورڈ استعمال کریں جو اعداد، بڑے، چھوٹے حروف اور مخصوص نشانات کے مجموعے پر مبنی ہوں۔
7. براؤزر، آپریٹنگ سسٹم اور اینٹی وائرس کو اپ ٹو ڈیٹ رکھیں۔
8. سافٹ ویئر قابل اعتماد ذرائع سے حاصل کریں۔ فائلوں کو کھولنے سے پہلے ہمیشہ اسکین کرلیں۔




# کیا کرنا ہے

9. جب آپ اپنے کمپیوٹر/ٹیبلیٹ/فون کو استعمال نہ کر رہے ہوں تو اپنی اسکرین کو لاک کر دیں۔ مزید یہ کہ سیٹنگ ایسی کر دیں کہ دیر تک استعمال میں نہ رہنے سے اگر اسکرین سلیپ (sleep) کی حالت میں چلا جائے تو یہ خود بہ خود لاک ہو جائے۔
10. کسی بھی آن لائن سائٹ کو کھولنے سے پہلے دیکھ لیں کہ ویب ایڈریس //:https سے شروع ہوتا ہے۔
11. سوشل میڈیا اکاؤنٹس میں پرائیویسی سیٹنگ اس طرح کریں کہ پروفائل اور پوسٹ صرف قریبی دوست اور جاننے والے ہی دیکھ سکیں۔
12. صرف جاننے والے افراد سے ہی رابطہ کریں۔
13. اپنے ڈیجیٹل وقار کا خیال رکھیں۔ کسی ایسے مواد کو پوسٹ کرنے سے پہلے اچھی طرح سوچ لیں جو کسی قسم کی شرمندگی یا نقصان کا باعث ہو سکتا ہو۔
14. اکاؤنٹ ہیک ہونے کی صورت میں فوری طور پر سروس پرووائیڈر کو اطلاع دیں۔ اگر ممکن ہو تو اپنا اکاؤنٹ غیر فعال (Deactivate) کر دیں۔



# کیا نہ کریں

1. اپنی ذاتی معلومات مثلاً حقیقی نام، تاریخ پیدائش، فون نمبر وغیرہ بلا ضرورت شیئر نہ کریں۔
2. اپنی تصاویر نامعلوم افراد کو نہ بھیجیں اور نہ ہی سوشل میڈیا پر شیئر کریں۔
3. اجنبی لوگوں کی طرف سے بھیجے گئے ای میل اور منسلکات (اٹیچمنٹ) نہ کھولیں۔
4. کسی بھی مشکوک ای میل یا ذاتی معلومات طلب کرنے والے ویب صفحے یا فوری پیغام (IM) کا جواب نہ دیں۔
5. جب آپ کے آس پاس کوئی موجود ہو تو اپنا پاس ورڈ ظاہر نہ کریں کیوں کہ وہ اسے دیکھ سکتا ہے۔
6. اپنا پاس ورڈ کسی کے ساتھ شیئر نہ کریں۔
7. براؤزر پر اپنا نام اور پاس ورڈ محفوظ نہ کریں۔
8. دوسروں کی معلومات چوری نہ کریں۔
9. اجازت کے بغیر کسی کی فائلوں تک رسائی یا ان کا استعمال نہ کریں۔



# کیا نہ کریں

10. کاپی رائٹ والے سافٹ ویئر کو تخلیق کار کی اجازت کے بغیر کاپی نہ کریں۔
11. آن لائن چھیڑ چھاڑ، دھمکی آمیز، غیر مہذب یا جارحانہ زبان کا استعمال یا توہین آمیز یا نفرت انگیز تبصرہ کر کے کسی کو ہراساں یا پریشان نہ کریں۔
12. کسی اور کا پاس ورڈ استعمال نہ کریں خواہ وہ آپ کے علم میں کیوں نہ ہو۔
13. کسی اور کے ای میل پڑھنے اور ان کے آن لائن پروفائل کے ساتھ تال میل کرنے کے لیے لاگ اِن نہ کریں۔
14. کسی دوسرے کے کمپیوٹر میں وائرس ڈالنے یا اسے کسی بھی طرح سے ناقابل استعمال بنانے کی کوشش نہ کریں۔
15. نامعلوم لوگوں سے (خواہ آپ انھیں آن لائن بات چیت/مراسلات کے ذریعے پہلے سے جانتے ہوں) تنہا کبھی نہ ملیں؛ ہمیشہ کسی بڑے فرد یا کسی دوست کو مطلع کر دیں۔
16. کسی نامعلوم ذریعہ سے موصولہ کوئی بھی منسلکات (اٹیچمنٹ) نہ کھولیں اور نہ ہی ڈاؤن لوڈ کریں کیونکہ ان میں وائرس ہو سکتے ہیں۔

مزید تفصیلات معلوم کرنے کے لیے رابطہ کریں

**www.ncert.nic.in**
**www.ciet.nic.in**
**www.ictcurriculum.gov.in**
**www.infosecawareness.in**
**www.cyberswachhtakendra.gov.in**

विद्ययाऽमृतमश्नुते

एन सी ई आर टी
NCERT


سنٹرل انسٹی ٹیوٹ آف ایجوکیشنل ٹیکنالوجی

نیشنل کونسل آف ایجوکیشنل ریسرچ اینڈ ٹریننگ

سری اربندو مارگ، نئی دہلی -110016